© rasailojaraid.com

قلمی شکل میں دبے پڑے ہیں برائے نام چھپ کر سامنے آئے ـــ لیکن اس بندۂ خدا نے فیصلہ کر لیا کہ یہ کام کرنا ہے اور پھر اس میں جُت کر ایسی کتاب مرتب کر ڈالی جس کے لیے اہلِ فن یہ کہتے ہیں کہ عربی میں بھی ایسی جامع کتاب نہیں ۔

اُردو کا سرمایہ ایسی کتاب سے بالکل خالی تھا لیکن اب اُردو کو ناز ہوگا ـــ اہلِ علم، ارباب مدارس اور قرآنی طلبہ کے لیے یہ عجالہ نافعہ ان شاء اللہ تعالیٰ صدیوں راہنمائی کا کام دے گا ـــ ظاہری کتابت و طباعت اور کاغذ و جلد بندی میں حتی الوسع بہتر سے بہتر کی کوشش کر کے ایک اچھی کتاب کا اہتمام کیا گیا ۔ جس کی پذیرائی ہم سب پر لازم ہے ـــ اللہ تعالیٰ جناب مؤلف اور ان کے معاونین کو جزائے خیر دے ۔

درس قرآن مجید جلد ۶، ۹، ۱۰، ۱۱
افادات : مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ ـــ مرتبہ : محمد عثمان غنی
ناشر : قاضی محمد ابراہیم ثاقب الحسینی ناظم دارالارشاد مدنی روڈ اٹک شہر

گذشتہ شمارہ میں مخدوم محترم حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ کے درس قرآن پاک کی اولین ۵ جلدوں پر تبصرہ شائع ہوا تھا، اب چار جلدیں مزید آئی ہیں ـــ مولانا مدظلہ کے دروس قرآن کا یہ مبارک سلسلہ ۱۹۶۴ء میں شروع ہوا اور تا حال جاری ہے ۔ اللہ تعالیٰ آن ممدوح کے اس سلسلۂ خیر کی تکمیل فرما کر اس کی خیر و برکات کو قیامت تک باقی رکھیں ۔ موجودہ دور ابتلاء اور فتن کا دور ہے، دین کے نام سے بھی کسی تالیف، تصنیف یا درس کے بارے میں قطعی طور پر یہ لکھنا مشکل ہے کہ یہ ہر طرح سے قابلِ اطمینان اور مستند ہے ۔ بس چند گنی چنی شخصیات ایسی رہ گئی ہیں جنہوں نے اکابر کی جوتیاں سیدھی کیں اور ان سے دینِ متوارث کو حاصل کیا، حضرت قاضی صاحب مدظلہ بھی ان میں سے ایک ہیں ۔ الحمد للہ ان کے دروس قرآن کتاب و سنت کی صحیح تعبیر، عشق و محبتِ رسول اور صحابہ کرام اور اولیاء اللہ کی عقیدت کے انوار سے منور ہوتے ہیں ـــ محترم جناب محمد عثمان غنی صاحب جملہ مسلمانوں کے شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے حضرت قاضی صاحب مدظلہ کے افادات کو مرتب شکل دے کر ان کی افادیت کو عام کر دیا ہے ـــ تعلیم یافتہ مسلمانوں، واعظین و خطباء اور ائمہ مساجد سے مطالعہ کی خصوصی سفارش کی جاتی ہے ۔ تمام مجموعے بہتر کاغذ، اچھی کتابت اور عمدہ طباعت کے ساتھ شائع ہوئے ہیں اور قیمتیں بھی مناسب ہیں ۔

ماہنامہ "المذاہب" لاہور
مُدیر : ـ جناب محمد اسلم رانا صاحب
ملنے کا پتہ : ـ ماہنامہ "المذاہب" ملک پارک شاہدرہ، لاہور

محمد اسلم رانا صاحب کو بائبل اور عیسائیت کے مطالعہ سے دلچسپی لیتے ہوئے ۲۷ برس کا طویل عرصہ گذر چکا ہے، موصوف اس موضوع کے ماہر ہیں ۔ برطانیہ اور پاکستان کے اخبارات و جرائد میں آپ کے بہت سے مضامین اور مقالات شائع ہو چکے ہیں ۔ علماء کرام، دانشوروں اور ملی طبقوں سے خراج تحسین وصول

© rasailojaraid.com